PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

طوبیٰ حسن زخمی، سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز اور تھائی لینڈ کیخلاف سیریز سے باہر

لاہور 2 نومبر، 2023ء:

پاکستان ویمنز اے ٹیم کی لیگ اسپنر طوبیٰ حسن زخمی ہونے کے سبب ویسٹ انڈیز ویمنز اے اور تھائی لینڈ ایمرجنگ ویمنز کے خلاف سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز اور تھائی لینڈ ایمرجنگ ویمنز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں حصہ نہیں لے سکیں گی۔

آل راؤنڈر کائنات حفیظ کو ان کی جگہ پاکستان ویمنز اے ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔

سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا کل سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں آغاز ہو رہا ہے جس کے بعد تھائی لینڈ ایمرجنگ ٹیم کے خلاف دو ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے جائیں گے۔

طوبیٰ حسن ویسٹ انڈیز ویمنز اے کے خلاف پہلے ون ڈے میچ کے دوران کیچ لینے کی کوشش میں زخمی ہو گئی تھیں ان کے دائیں گال پر زخم آیا تھا اور کنکشن کی علامات بھی ظاہر ہوئی تھیں جس کے بعد میڈیکل پینل نے انہیں کھیلنے کے لیے ان فٹ قرار دے دیا تھا اور ان کی متبادل کے طور پر صائمہ ملک نے میچ میں حصہ لیا تھا۔

طوبیٰ حسن کو ایک ہفتے آرام کا مشورہ دیا گیا ہے اس دوران وہ اپنا ری ہیبلیٹیشن مکمل کریں گی۔

-ENDS -

Media and Communications Department

P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners